© rasailojaraid.com



فانوس کا یہ نمبر علامہ اقبال پر ایک حوالے کا درجہ رکھتا ہے اور اسے محنت اور کاوش سے مرتب کیا گیا ہے۔ (قاسم محمود احمد)

**صحت و مرض اسلام کی نظر میں**، محمد اسرار بن مدنی۔ ناشر: تحقیقات پبلشرز، صوابی۔ ملنے کا پتا: نیشنل ای وسی، ڈی بلاک، ای پی آئی بلڈنگ، چک شہزاد، پارک روڈ، ایس آئی ایچ، اسلام آباد۔ صفحات: ۱۲۶۔ قیمت: درج نہیں۔

اس مختصر کتاب کا نصف پولیو کے حوالے سے ہے جو اس تیسرے ایڈیشن میں اضافہ ہے۔ غالباً اس لیے کہ اس کی ویکسین کے بارے میں افواہیں مسلم معاشروں کا مسئلہ بنی ہوئی ہیں۔ ہمارے ہاں خواتین ورکرز باقاعدہ محافظوں کے ساتھ جاتی ہیں، پھر بھی حادثات ہوتے رہتے ہیں۔ عالم اسلام کی جامعات و شخصیات کے فتاویٰ کی عکسی نقول پیش کی گئی ہیں (۲۲ صفحات)۔ پولیو پر حقائق (۴۱ صفحات) سے آگاہ کیا گیا ہے۔ پہلے چار ابواب میں صحت کے بارے میں عمومی بات کی گئی ہے (۷ صفحات)۔ بچے کی صحت کے حوالے سے (۹ صفحات) اور ماں کی صحت کے حوالے سے (۹ صفحات) دیے گئے ہیں۔ ۱۳ وبائی امراض پر ۱۷ صفحات دیے گئے ہیں، یعنی مختصر طور پر علامات، اسباب وغیرہ۔ قرآنی آیات اور نبوی روایات کی روشنی میں، جاذب فکر و نظر، روح پرور، موضوعات زیر بحث لائے گئے ہیں۔ اصولِ صحت، آداب اکل و شرب، طیبات کے فوائد منافع، خبائث کے قبائح، والدہ محترمہ کی توقیر، اولاد کے حقوق، مریض کی عیادت و تیمارداری، علاج اور پرہیز —— ۱۲۰ صفحات کے کوزے میں کتنا سمندر بند کیا جاتا۔ (مسلم سجاد)

## تعارف کتب

⊙ **میرا مطالعہ**، عرفان احمد، عبدالرؤف۔ ناشر: ایمل مطبوعات، ۱۲ سیکنڈ فلور، مجاہد پلازہ، بلیو ایریا، اسلام آباد۔ فون: ۲۸۰۳۰۹۶۔ صفحات: ۳۰۰ (بڑی تقطیع)۔ قیمت: ۶۵۰ روپے۔ [اس کتاب میں متعدد معروف ادیبوں اور دانش وروں نے اپنے مطالعاتی ذوق کی ابتدا، ارتقا، عادات اور مسائل کو رواں دواں انداز میں بیان کیا ہے۔ ان احباب میں سے چند ایک کے نام یہ ہیں: ڈاکٹر محمود احمد غازی، ڈاکٹر انور سدید، مولانا زاہد الراشدی، ڈاکٹر صفدر محمود، ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی، ڈاکٹر مبارک علی، طارق جان، تحسین فراقی، احمد جاوید، ڈاکٹر معین الدین عقیل، زاہدہ حنا، عامر خاکوانی، وغیرہ شامل ہیں۔]

© rasailojaraid.com